جو دو مسلمان بھی آپس میں ملاقات کریں اور مصافحہ کریں، تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ہی انہیں بخش دیا جاتا ہے۔

براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جو دو مسلمان بھی آپس میں ملاقات کریں اور مصافحہ کریں، تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ہی انہیں بخش دیا جاتا ہے۔‘‘

[یہ حدیث اپنے تمام طُرُقْ اور شواہد کی بنا پر صحیح یا کم از کم حَسَنْ درجے کی ہے۔] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔]

آپ ﷺ کا فرمان: ”جو دو مسلمان بھی آپس میں ملاقات کریں اور مصافحہ کریں“ یعنی ملاقات کے فوراً بعد مصافحہ کریں۔ ”انہیں بخش دیا جاتا ہے“ نیک اعمال کے ذریعے صرف وہ صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں جو اللہ سبحانہ کے حق سے متعلق ہوتے ہیں۔ ”ان کے جدا ہونے سے پہلے“ اس میں مصافحہ کرنے کی تاکید ہے اور اس پر زور دیا گیا ہے۔ لیکن اس حدیث سے حرام مصافحہ مستثنیٰ ہے جیسے کہ اجنبی عورت سے مصافحہ کرنا۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6257

لجنة الدعوة الإلكترونية
E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY